وزیر اعظم نریندر مودی نے صدر پوتن کو دوبارہ صدر منتخب ہونے پر دی مبارکباد دی

20 مارچ 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج روسی وفاق کے صدر عزت مآب جناب ولادمیر پوتن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے انہیں روسی فیڈریشن کا دوبارہ صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور روس کے دوست عوام کی امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

دونوں رہنماؤں نے آنے والے برسوں میں میں دونوں ممالک کے درمیان خصوصی اور مراعات یافتہ اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو مزید تقویت بخش بنانے کے لیے ٹھوس کوششیں کرنے پر اتفاق کیا۔

انہوں نے دوطرفہ تعاون کے مختلف امور میں پیش رفت کا بھی جائزہ لیا اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

روس-یوکرین تنازعہ پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے آگے بڑھنے کے راستے کے طور پر بات چیت اور سفارت کاری کے حق میں ہندوستان کے مستقل موقف کا اعادہ کیا۔

دونوں رہنما رابطے میں رہنے پر متفق ہوئے

نئی دہلی
20 مارچ 2024